Armaan Technologies

A Unit of Al-Firdous Foundation (India)

Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad

M.A (Urdu, ODL) – 1st Semester, Question Papers [April 2021]

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

ایم اے (اردو) – پہلا سمسٹر، سوالیہ پرچے [اپریل 2021]

Total 4 Papers in 1st Semester of MANUU M.A (Urdu) – ODL مانو، ایم اے (اردو) - فاصلاتی تعلیم، پہلا سمسٹر میں کُل 4 پرچے ہیں۔		
1	Lisaniyaat	لسانیات
2	Tareekh-e-Adab Urdu	تاریخ ادب اردو
3	Dastaan	داستان
4	Classiki Asnaf-e-Sher	کلاسیکی اصناف شعر

Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu) I Semester Examination, April 2021

Paper : MAUR101CCT : Lisaniyaat

پرچہ : لسانیات

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ذیل میں سے کون صوتیات کی شاخ نہیں ہے،

(a) نفسی صوتیات (b) تلفظی صوتیات (c) سمعی صوتیات (d) سمعیاتی صوتیات

(ii) مارفیمیات میں کس کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(a) کلام کی ساخت کا (b) لفظوں کی ساخت کا (c) معنی کی ساخت کا (d) جملے کی ساخت کا

(iii) درج ذیل میں سے کون نحویات کا حصہ نہیں ہے؟

(a) لفظ (b) ترکیب (c) جزو (d) جزو متصل

(iv) جارج گریرسن کا ''لسانی جائزہ ہند'' کب شائع ہوا تھا؟

(a) 1888 (b) 1897 (c) 1757 (d) 1875

(v) درج ذیل میں سے کون زبان کا خاصہ نہیں ہے؟

(a) ترسیل خیال کا ذریعہ (b) خود اختیاریت (c) سماج و خطہ مخصوص (d) غیر منضبط صوتی علامات

(vi) اردو زبان کا تعلق کس اپ بھرنش سے مانا جاتا ہے؟

(a) مہاراشٹری (b) شورسینی (c) ماگدھی (d) اردھ ماگدھی

(vii) کس زبان کا تعلق ہند آریائی زبانوں کے خاندان سے نہیں ہے؟

(a) تلگو (b) اردو (c) پنجابی (d) مراٹھی

(viii) پراکرت کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(a) تمدنی وتہذیبی (b) عوامی اور دیہاتی (c) سنسکرت زدہ (d) اعلیٰ وارفع

(ix) کس ماہر لسانیات کے مطابق اردو 'پنجاب' میں پیدا ہوئی ؟

(a) سید سلیمان ندوی (b) مسعود حسین خان (c) حافظ محمود شیرانی (d) محمد حسین آزاد

(x) مولانا سید سلیمان ندوی کے مطابق اردو کا ہیولی کہاں تیار ہوا؟

(a) وادی سندھ میں (b) دکن میں (c) دوآبہ میں (d) دہلی میں

حصہ دوم

2۔ لسانیات سے کیا مراد ہے؟

3۔ اسلوبیات کی وضاحت کیجیے۔

4۔ صوتیات کی تفصیل بیان کیجیے۔

5۔ فونیمیات اور صوتیات کے امتیازات بیان کیجیے۔

6۔ زبان کی تعریف کیجیے اور اردو کے مختلف ناموں کی وضاحت کیجیے۔

7۔ ''اعضائے نطق'' کون کون سے ہیں؟

8۔ اردو کے آغاز و ارتقا کا سیاسی وتہذیبی پس منظر بیان کیجیے۔

9۔ مارفیمیات ونحویات کے مابین فرق کو واضح کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ لسانیات کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اس کی مختلف شاخوں کی وضاحت کیجیے۔

11۔ صوتیات کے حوالے سے اعضائے نطق کی کیا اہمیت ہے؟

12۔ اردو ہندی کے لسانی رشتوں پر ایک مضمون لکھیے ۔

13۔ اردو زبان کے آغاز سے متعلق مختلف نظریات کی وضاحت کیجیے۔

14۔ ہند آریائی زبانوں کے عہد واری ارتقا کو مفصل بیان کیجیے۔

☆☆☆

Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination, April 2021

Paper : MAUR102CCT : Tareekh-e-Adab-e-Urdu

پرچہ : تاریخ ادب اردو

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i. مابعد دکنی ادب میں وہ کون شاعر ہے جس نے فارسی شعرا کو اردو کی جانب مائل کیا؟

(a) سراج اورنگ آبادی (b) ولی دکنی (c) شاہ حاتم (d) میر تقی میر

ii. محبت میں علی کی دیکھنا جی
ہوا ہے دل مرا اب حیدرآباد
ایہام کے اس شعر میں کون سا لفظ ایہام کا ہے؟

(a) علی (b) محبت (c) حیدرآباد (d) دل

iii. سینٹ جارج کالج میں کس کی تربیت نہیں ہوتی تھی؟

(a) جج (b) سول سروس ملازمین (c) وکیل (d) منشی

iv. فورٹ ولیم کالج کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

(a) داستانوں کی اشاعت (b) اردو زبان و ادب کا فروغ
(c) ہندوستانیوں کو مغربی علوم سے آشنا کرنا (d) نو وارد انگیز افسروں کو اردو سے واقف کرانا

v. ہندوستانیوں کی تعلیم کے لیے کون سا کالج قائم کیا گیا؟

(a) سینٹ جارج کالج (b) دہلی کالج (c) فورٹ ولیم کالج (d) ایم اے او کالج

vi. ورناکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی کو کس نے قائم کیا؟

(a) مسٹر جے ایچ ٹیلر (b) مسٹر فیلکس بترو (c) ڈاکٹر اشپرنگر (d) جان گلکرسٹ

vii. انجمن پنجاب لاہور نے اردو کی کس صنف شاعری کو فروغ عطا کیا؟

(a) غزل (b) مرثیہ (c) نظم (d) قصیدہ

viii. اردو میں قومی اور وطنی شاعری کس کا نتیجہ ہے؟

(a) ہندوستانی ثقافت سے محبت کا (b) غلامی کا

(c) مغرب کی وساطت سے وطنیت کے جدید تصور کی آمد کا (d) ان تمام کے اثرات کا

ix. سرسید کی سوانح حیات جاوید کس کی تصنیف ہے،

(a) شبلی (b) حالی (c) محسن الملک (d) سید عبداللہ

x. انجمن ترقی پسند مصنفین کی پہلی کانفرنس کی صدارت کس نے کی؟

(a) سجاد ظہیر (b) ملک راج آنند (c) پریم چند (d) نولکشور

حصہ دوم

2- ولی دکنی کی غزل گوئی پر روشنی ڈالیے۔

3۔ تحریک اصلاح زبان کی کیا اہمیت ہے؟ اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

4۔ سینٹ جارج کالج کے یوروپی مصنفین کا تعارف کرائیے۔

5۔ فورٹ ولیم کالج کی چند داستانوں سے واقف کرائیے۔

6۔ دہلی کالج کے کسی ایک پرنسپل کی خدمات کو اجاگر کیجیے۔

7۔ ورنا کلر ٹرانسلیشن سوسائٹی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

8 ۔ ترقی پسند تحریک نے اردو شاعری کو کس طرح متاثر کیا؟ وضاحت کیجیے۔

9۔ جامعہ عثمانیہ کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10۔ ایہام گوئی سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے سمجھائیے۔

11۔ فورٹ ولیم کالج کی خدمات پر تفصیل سے لکھیے۔

12 ۔ دہلی کالج سے وابستہ ہندوستانی طلبا و اساتذہ کی نمایاں خصوصیات کو اجاگر کیجیے۔

13 ۔ اردو نظم نگاری کے فروغ میں انجمن پنجاب لاہور کی خدمات کو اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

14 ۔ اردو نثر پر علی گڑھ تحریک کے اثرات کو واضح کیجیے۔

☆☆☆

Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination, April 2021

Paper : MAUR103CCT : Dastaan

پرچہ : داستان

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ''داستان کہانی کی طویل پیچیدہ اور بھاری بھرکم شکل ہے'' داستان کی یہ تعریف کس نے کی؟

(a) گیان چند جین (b) کلیم الدین احمد (c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) سہیل بخاری

(ii) ذیل میں کون سا عنصر داستان کی خصوصیات میں شامل نہیں ہے؟

(a) طوالت (b) فوق فطری عناصر (c) حسن وعشق (d) گھٹا ہوا مضبوط پلاٹ

(iii) ''الف لیلہ'' فی الاصل کس زبان میں لکھی گئی؟

(a) عربی (b) فارسی (c) سنسکرت (d) ترکی

(iv) ''باغ و بہار'' میں کون سا درویش کسی ملک کا شہزادہ نہیں ہے؟

(a) پہلا (b) دوسرا (c) تیسرا (d) چوتھا

(v) کس داستان میں قصہ در قصہ کی تکنیک استعمال نہیں کی گئی ہے؟

(a) فسانۂ عجائب (b) باغ و بہار (c) رانی کیتکی کی کہانی (d) پنچ تنتر

(vi) رجب علی بیگ سرور نے ''فسانۂ عجائب'' کی تصنیف کا آغاز کس شہر میں کیا؟

(a) بنارس (b) کانپور (c) لکھنو (d) کلکتہ

(vii) ''مہندر گر'' کس داستان کا کردار ہے؟

(a) باغ و بہار (b) سنگھاسن بتیسی (c) فسانۂ عجائب (d) رانی کیتکی کی کہانی

(viii) وجہی نے ''سب رس'' کس بادشاہ کی فرمائش پر تصنیف کی؟

(a) ابراہیم قطب شاہ (b) محمد قلی قطب شاہ (c) محمد قطب شاہ (d) عبداللہ قطب شاہ

(ix) باغ و بہار میں کس ملک کی شہزادی کو نہایت دولت مند، سخی اور مہمان نواز بتایا گیا ہے؟

(a) دمشق کی شہزادی (b) بصرے کی شہزادی (c) فرنگ کی شہزادی (d) روم کی شہزادی

(x) ''فسانہ عجائب'' میں طوطا کس کے حسن کی تعریف کرتا ہے؟

(a) انجمن آرا (b) ساحرہ (c) ماہ طلعت (d) مہر نگار

حصہ دوم

2۔ داستان کے مطالعے کی اہمیت واضح کیجیے۔

3۔ وجہی کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

4۔ فسانہ عجائب کی زبان اور اسلوب کا تنقیدی محاکمہ کیجیے۔

5۔ رانی کیتکی کے کردار کی خصوصیات اجاگر کیجیے۔

6۔ داستان کے پلاٹ کے مختلف اقسام پر روشنی ڈالیے۔

7۔ میر امن کے حالات زندگی تحریر کیجیے۔

8۔ فسانہ عجائب کے دیباچے کی اہمیت واضح کیجیے۔

9`۔ ''سب رس'' کے ماخذ پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10۔ داستان کی تعریف کیجیے اور اس کے فن اور تکنیک کی وضاحت کیجیے۔

11۔ 'باغ و بہار' کے ادبی اور فنی محاسن کا جائزہ لیجیے۔

12۔ فسانہ عجائب میں ملکہ مہر نگار کے کردار کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

13۔ 'سب رس' کی اہمیت کے اسباب بیان کیجیے۔

14۔ رانی کیتکی کی کہانی کے پلاٹ کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

☆☆☆

Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination, April 2021

Paper : MAUR104CCT : Classiki Asnaaf-e-Sher

پرچہ : کلاسیکی اصناف شعر

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچۂ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) مثنوی عام طور پر کتنی بحروں میں کہی جاتی ہے؟

(a) سات (b) دو (c) چار (d) آٹھ

(ii) گلزار نسیم میں کس شہر کی تہذیب وثقافت کی مرقع کشی کی گئی ہے؟

(a) عظیم آباد (b) لکھنؤ (c) الہ آباد (d) دہلی

(iii) تاج الملوک اور زین الملوک کس مثنوی کے کردار ہیں؟

(a) زہر عشق (b) دریائے عشق (c) گلزار نسیم (d) سحر البیان

(iv) اُٹھ گیا بہمن ودے سے چمنستان کا عمل

مذکورہ بالا قصیدہ کس کی شان میں کہا گیا ہے؟

(v) تشبیب کے اشعار میں کیا بیان ہوتا ہے؟

(vi) میر ضمیر اور میر خلیق نے مرثیہ کے لیے کون سی ہیئت مقرر کی؟

(a) رباعی (b) مسدس (c) مثلث (d) مستزاد

(vii) حالؔی نے کس طرح کے مرثیوں کی بنیاد ڈالی؟

(a) شخصی (b) انفرادی (c) اجتماعی (d) کوئی نہیں

(viii) مندرجہ ذیل میں کون رباعی گو کی حیثیت سے مشہور ہے؟

(a) مرزا غالبؔ (b) میر تقی میرؔ (c) ناصرؔ کاظمی (d) امجدؔ حیدر آبادی

(ix) ''بلبلِ ہند مر گیا ہیہات''۔ یہ مصرعہ کس نے کس کے لیے کہا تھا؟

(x) ''دکنی ادب میں قصیدے کی روایت'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) ابو محمد سحر (b) گیان چند جین (c) سیدہ جعفر (d) محمود الٰہی

حصہ دوم

2: مثنوی گلزار نسیم کے مرکزی کرداروں کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

3: مثنوی کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی نمائندہ خصوصیات تحریر کیجیے۔

4: ''قصیدہ ہمارے ماضی کی یادگار صنف سخن ہے''۔ اس خیال کی روشنی میں صنف قصیدہ کی اہمیت و افادیت کا تجزیہ کیجیے۔

5: غالبؔ کی قصیدہ نگاری پر تنقیدی تبصرہ کیجیے۔

6: مرثیے کی اجزائے ترکیبی بیان کرتے ہوئے اردو میں مرثیہ نگاری کی تاریخ کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

7: رباعی کسے کہتے ہیں؟ اردو کے اہم رباعی گو شعرا پر نوٹ لکھیے۔

8: حالیؔ کے ''مرثیۂ غالبؔ'' کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

9: نصاب میں شامل کسی شاعر کی ایک رباعی تحریر کیجیے۔

حصہ سوم

10: دکن میں اردو مثنوی کے آغاز و ارتقا سے بحث کیجیے۔

11: قصیدے کی لفظی، لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی کا جائزہ لیجیے۔

12: اردو میں مرثیہ نگاری کے عنوان سے مضمون تحریر کیجیے۔

13: رباعی کی تعریف بیان کرتے ہوئے اردو میں رباعی نگاری کی صورتحال کا تجزیہ کیجیے۔

14: مثنوی ''زہرِ عشق'' کا خلاصہ اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔

☆☆☆

Thank You

https://www.youtube.com/@armaantechnologies

https://archive.org/details/@armaan_technologies